پنڈت دیا شنکر نسیم کا تعارف

پیشکش: چوبدار سر

نسیمؔ اُردو کے نامور شاعروں میں سے ایک ہیں۔ آپ کا اصل نام "دیاشنکر کول" تھا اور نسیمؔ تخلص تھا۔ آپ کے والد کا نام "گنگا پرشاد کول" تھا۔ آپ کے آباد و جداد کشمیر کے باشندے تھے آپ کے خاندان میں کسی نے کشمیر سے ہجرت کر کے لکھنو میں آ کر مستقل سکونت اختیار کی۔

پنڈت دیا شنکر نسیمؔ ۱۸۱۱؁ میں لکھنؤ میں پیدا
ہوئے۔ بچپن میں اُردو فارسی کی تعلیم پائی اور
اساتذہ کے کلام کا مطالعہ کیا۔اسی وجہ سے آپ
کے فطری ذوق میں اضافہ ہوا۔آپ
"خواجہ حیدر علی آتش" کے شاگرد تھے۔ آتشؔ
دبستانِ لکھنوء کے استاذ اور نمائندہ شعراء میں
سے ایک تھے۔ نسیمؔ کی شاعری پر اپنے استاذ کا
رنگ صاف اور واضح نظر آتا ہے۔

نسیمؔ شاہی فوج میں وکیل کی حیثیت سے ملازمت کرتے تھے اور یہی آپ کا ذریعۂ معاش تھا۔ سنہ ۱۸۴۲ء میں آپ نے کم عمری میں وفات پائی۔ اُن کی مختصر زندگی کا کارنامہ مثنوی "گلزارِ نسیم" ہے۔ یہ مثنوی اُردو کی دوسری شاہکار مثنوی ہے اور اسی پر پنڈت دیا شنکر نسیمؔ کی شہرت کا دارومدار رہا ہے۔